# اپنے حقوق کو جانیں

## یونائیٹڈ اسٹیٹس میں گھریلو تشدّد

جنوبی ایشیائی خواتین کیلئے طریقے۔

CREA

**کِریا**

2/14، شانتی نِکیتن دوسری منزل
نئی دِلی - 110 021
بھارت
ٹیلی فون: 91-11-24117983, 91-11-24114733
ٹیلی فیکس: 91-11-24113209
www.creaworld.org

CREA

**کِریا**

نیویارک
355 لیکسِنگٹن ایوینیو، تیسری منزل
نیویارک، این وائی - 10017
یو ایس اے
ٹیلی فون: 1-212-599-1071

Narika
1-800-215-7308

**نارِکا**

پوسٹ آفس باکس 14014
برکلی، سی اے 94712
یو ایس اے
ٹیلی فون: 1-800-215-7308
www.narika.org

API Legal Outreach
Formerly Nihonmachi Legal Outreach

ایشین پیسفِک اِز لینڈر لیگل آوٹ ریچ
1188 فرینکلِن اسٹریٹ، سُوٹ 202
سین فرانسِسکو، سی اے 94109
یو ایس اے
ٹیلی فون: 1-415-567-6255
www.apilegaloutreach.org

# گھریلو تشدّد کیا ھے؟

گھریلو تشدّد میں باہمی تعلقات یا گھریلو دائرے کے اندر کسی بھی طرح کی کارروائی یا سلوک جس سے جسمانی، نفسیاتی، ذہنی، جنسی یا اقتصادی نقصان یا تکلیف پہونچتی ہے شامل ہیں۔ بدسلوکی کرنے والا / والی دوسرے شخص کو ڈرانے یا اُس پر کنٹرول رکھنے کیلئے گھریلو تشدد کا استعمال کرتے ہیں۔ گھریلو تشدد کا مطلب جسمانی یا ذہنی ڈر ہو سکتا ہے اور یہ غیر جنسی یا ہم جنسی دونوں طرح کے تعلقات میں ہو سکتا ہے۔

## بدسلُوکی کی کچھ مثالیں اس طرح ھیں:-

- دھمکی (اس میں بید خلی اور بچے کا اغواء بھی شامل ہے)۔
- ڈرانا
- اُکسانا
- تھپڑ مارنا
- مانگ کرنے پر جنسی فراہمی
- دیکھ بھال سے انکار
- مدد سے انکار
- کھُلے عام بے عزّتی
- فرنیچر اور املاک کو برباد کرنا
- آپکو دکھ پہونچانے کیلئے خاندان کے لوگوں کو ترغیب دِلانا
- بدسلوکی کے لئے دوسروں کو ذمے دار ٹھہرانا
- اذیت رسانی
- دھکا دینا
- گلا گھونٹنا
- سب سے الگ کر دینا
- توہین کرنا
- لات سے مارنا
- حسد کا اظہار کرنا

## بدسلوکی کرنے والے مندرجہ ذیل ھو سکتے ھیں:-

- شوہر / بیوی
- عاشق / معشوقہ
- ساس / سسُر سمیت خاندان کے افراد
- ہم جنس ساتھی
- ساتھی ملازم
- دیکھ بھال کرنے والے
- جاننے والے
- اجنبی

اچھی بیوی، ماں، بیٹی، بہو، بہن یا سہیلی بننے کیلئے آپکو چُپ چاپ دُکھ سہنے کی ضرورت نہیں ہے۔

# کیا یونائیٹیڈ اسٹیٹس میں بھارتی باشندوں کے ساتھ گھریلو تشدد ھوتا ھے؟

- اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ یونائیٹیڈ اسٹیٹس میں سبھی نسلوں کی خواتین بدسلوکی کے لئے یکساں طور پر غیر محفوظ ہیں۔
- تقریباً ہر تین میں سے ایک خاتون نے اپنی زندگی میں گھریلو تشدد محسوس کیا ہے۔
- گھریلو تشدد کسی کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے۔ اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ اُن کا اقتصادی یا تعلیمی پس منظر کیا ہے۔
- یونائیٹیڈ اسٹیٹس میں بیس سے زائد جنوبی-ایشیائی تنظیمیں ہیں جو گھریلو تشدد سے بچاؤ کیلئے کام کرتی ہیں۔

گھریلو تشدد سے بچ کہ آنے والوں کیلئے جنوبی - ایشیائی خصوصی خدمات کی مزید جانکاری کیلئے برائے مہربانی نارِکا سے 1-800-215-7308 مُفت (ٹول فری) پر رجوع کریں یا اُنکی ویب سائیٹ www.narika.org دیکھیں۔

# اگر میرے ساتھ بدسلُوکی کی گئی ہو تو خُود کو اور اپنے بچوں کو بچانے کیلئے میں کیا کر سکتی ہُوں؟

**پولیس کو بُلائیں :**

اگر آپ ابھی بھی خطرے میں ہیں اور آپ کو بدسلُوکی کرنے والے کو ہونے والے نتائج کی فِکر نہیں ہے تو فوراًپولیس (911) کو بلائیں۔ اُنہیں آپکی کال پر کارروائی کرنی چاہیئے اور اگر اُنہیں آپکے ساتھ ہوئی بدسلُوکی کا ثبوت مِل جائے اُنکے پاس ہنگامی معطّلی حُکم جاری کرنے، بدسلُوکی کرنے والے کو گرفتار کرنے، آپکو گھریلو تشدد، وسائل فراہم کرنے اور بدسلُوکی کرنے والے کو آپ سے الگ رکھنے کا اختیار ہے۔ اگر آپ انگریزی نہیں بول سکتی ہیں تو مترجم کے لئے پوچھیں، جِسکا بدسلُوکی کرنے والے سے کوئی تعلق نہ ہو۔

**فوراًتحفظ حاصِل کریں:**

خود کو اور بچوں کو کِسی محفوظ مقام پر لے جائیں جیسے کہ کِسی دوست یا رشتے دار کے گھر۔ اگر آپکو محسوس ہوتا ہے کہ مار پیٹ کرنے والا آپکو ڈھونڈ سکتا ہے تو مصیبت زدہ خواتین کی پناہ گاہ کو فون کریں۔

قومی گھریلو تشدّد ہاٹ لائین **1-800-799-SAFE (7233)** پر فون کرکے آپ یونائیٹیڈ اسٹیٹس میں اپنے علاقے کی مصیبت زدہ خواتین کی پناہ گاہ کا نمبر حاصِل کر سکتی ہیں۔

**کِسی بھی طرح کی چوٹ ہو، رپورٹ کریں:**

ڈاکٹر، اسپتال یا صحت کلینک میں جاکر چیک اپ کرائیں۔ اگر ضروری ہو تو فوٹو لے جائیں۔ آپکی ڈاکٹری رپورٹ خفیہ ہے اور یو ایس سِٹی زنس اینڈ اِمیگریشن (U.S. Citizenship and Immigraton Services - USCIS) جو پہلے اِمیگریشن اینڈ نیچرلائیزیشن کو (Immiration and Natualization Service INS) کے نام سے جانی جاتی تھی، نہیں دِکھائی جائے گی۔

نزدیکی پولیس اسٹیشن میں جاکر رپورٹ کریں۔ کِسی بھی رپورٹ میں آپکی مدد کرنے والے افسر یا ڈاکٹر کا نام اور نمبر لِکھ کر رکھیں۔

**قانونی جانکاری اور مدد حاصل کریں:**

خاندانی قانون اور عوامی سہولتوں کی جانکاری کے لئے قومی گھریلو تشدد ہاٹ لائین سے صلاح لیں۔ عوامی فائدے کیلئے خصوصی اہلیت قانون، گھریلو تشدد کے شکار لوگوں پر بھی لاگو ہوتے ہیں۔ آپ کاؤنسلر، سماجی کارکنوں یا ڈاکٹروں سے بھی صلاح لے سکتی ہیں۔

**آپکو مزاحمتی احکامات حاصِل کرنے کا حق حاصِل ہے:**

عدالتی حُکم ایک قانونی دستاویز ہے، جسکے مطابق بدسلوکی کرنے والے، آپکو یا آپکے خاندان والوں کو نقصان نہیں پہونچا سکتے۔ اگر بدسلوکی کرنے والے عدالت کے اِس حُکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں تو پولیس اُنہیں گِرفتار کر سکتی ہے۔ آپکی یا مار پیٹ کرنے والے کی اقامتی پوزیشن خواہ کچھ بھی ہو آپ مزاحمتی حُکم حاصِل کر سکتے ہیں۔ عدالت کو آپکی پوزیشن نہیں پوچھنی چاہئے یا آپکی پوزیشن INS کو نہیں بتانی چاہیئے۔

# ہمیں کیسے پتہ چلے گا کہ کِسی کے ساتھ بدسلُوکی ہو رہی ہے ؟

**دوست، خاندان یا آس پڑوس کے دوسرے لوگ:**

- اُسکے ہاتھوں اور سر پر خلافِ معمول چوٹیں۔ بدسلُوکی کرنے والا اذیت کے شِکار کو ایسی جگہ چوٹ پہونچاتا ہے جو دوسروں کی نظر میں آسانی سے نہیں آتی ہے۔
- وہ آپکو بدسلوکی کے بارے میں آگاہ کرتا / کرتی ہے۔
- اُسکے فون نہ آپا رہے ہوں اور وہ فون نہ کرپارہا / رہی ہو۔
- اُسکے گھر لوگ نہ آتے - جاتے ہوں۔
- اپنے ساتھی کا مزاج اُسکے بولنے سے پہلے ہی پتہ چل جاتا ہے۔
- اگر وہ آپکو بدسلوکی کے بارے میں بتاتا / بتاتی ہے۔

**ملازم اور ساتھی کارکُن:**

- اُسکا بار - بار کام چھوٹ جانا۔
- اُس کی کارکردگی میں تبدیلی آنا۔
- اُسکو بار - بار خلاف معمول چوٹیں لگنا۔
- اُسکو کام پر دھمکیاں یا پریشان کرنے والے فون یا لوگوں کا مِلنے آنا۔

# اگر مجھے معلوم ہے کہ کِسی کے ساتھ بدسلوکی ہو رہی ہے تو میں کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟

**آواز اُٹھائیں:**

خاموش رہنے سے بدسلوکی کرنے والے کی ہمت بڑھ جاتی ہے کہ بدسلوکی کرنا ٹھیک ہے۔ پولیس بُلانے سے یہ اِشارہ ملتا ہے کہ اِس طرح کی بدسلُوکی کو برداشت نہیں کیا جائیگا۔ بدسلوکی سے بچ کر آنے والے کی حقیقی طور پر بدسلوکی کو سمجھنے میں مدد کریں۔ حالانکہ آپ یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ کیا فیصلہ کرے لیکن آپ سُن کر اور مندرجہ ذیل کے ذریعے مدد کر سکتے ہیں:

- بدسلوکی سے بچ کہ آنے والے کے ساتھ دیگر متبادلوں پر بات چیت کریں کہ اگر آئندہ اُسکے ساتھ بدسلوکی ہو تو اُسے کیا کرنا چاہیئے جیسے کہ کِسی محفوظ مقام پر جانا۔
- اجتماعی تنظیموں کی جانکاری اُسے دینا۔
- اُسے بتائیں کہ ضروری دستاویزوں کے ساتھ وہ ایک بیگ تیار کرلے اور اُسے ایک محفوظ مقام پر رکھے تاکہ وہ جلدی سے بھاگ سکے۔ بیگ میں جنم، شادی، ترک وطن سرٹیفِکیٹ، شناختی ثبوت، چابیاں، پتّوں کی کتاب، بینک کی کتاب اور پیسے کافی اہم ہو سکتے ہیں۔

# معطلی حُکم کیا ہے؟

معطّلی حُکم ایک خاتونی دستاویز یعنی عدالتی حُکم ہے جسکے مطابق بدسلوکی کرنے والا آپکو یا آپکے خاندان والوں کو نقصان نہیں پہونچا سکتا۔ اگر بدسلوکی کرنے والا اس عدالتی حُکم کی خلاف ورزی کرے تو پولیس اُسے گرفتار کر سکتی ہے۔

معطّلی حُکم میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- عدالت کے احکامات، جو قانونی طور پر بدسلوکی کرنے والے کو حُکم دیتے ہیں کہ وہ آپکو نہ ڈرائے، نہ دھمکائے، نہ حملہ کرے اور نہ ہی آپ سے رابطہ قائم کرے جس سے آپکا ذہنی سکون ختم ہوتا ہو۔
- عدالتی احکامات، جو بدسلوکی کرنے والے سے کہتے ہیں کہ وہ آپ سے آپکے گھر، کام، اسکول یا آپکے بچوں سے دور رہے۔
- عدالت کے احکامات، اگر آپکے بچے ہیں تو انکی حفاظت اور مدد کی اجازت دیتے ہیں۔
- عدالتی احکامات، جنکے مطابق بدسلوکی کرنے والے کو کوئی بھی علاج کا خرچ دینا پڑے گا جو جسمانی بدسلوکی کے نتیجے میں ہوا ہو اور آپکی املاک کو ہوئے نقصان کا ہرجانہ بھی ادا کرنا ہوگا۔
- عدالتی احکامات جو بدسلوکی کرنے والے کو آپکی پوزیشن کے بارے میں INS سے رجوع کرنے سے روکتے ہیں۔

# کیا بدسلوکی کی رپورٹ کرنے سے میں پریشانی میں پڑ سکتا/سکتی ہوں؟

یونائیٹیڈ اسٹیٹس میں دوسرے کو چوٹ پہونچانا یا ڈرانا قانون کے خلاف ہے، پھر خواہ آپ شادی شدہ ہوں یا کسی شخص کے ساتھ رہ رہ ہوں۔

اگر آپ غیر مقیم ہیں تو صرف بدسلوکی کی رپورٹ کرنے کیلئے آپکو نہ بیدخل کیا جائے گا اور نہ ہی آپ کے بچے آپ سے چھینے جائیں گے۔ اگر آپ غیر مقیم باشندے ہیں تو یہ اہم ہے کہ اپنا تعلق ختم کرنے کے نتائج کے لئے آپ قانونی صلاح لیں۔

براہِ کرم ترک وطن متبادلوں والا سیکشن دیکھیں۔

# اگر مجھے واپس جنوبی-ایشیا بھیجے جانے کاڈر ہو تو؟

آپکے پاس یونائیٹیڈ اسٹیٹس میں رہنے کا متبادل ہو سکتا ہے۔ اگر آپکی تارک وطن پوزیشن، اس قابل مذمت رِشتے میں رہنے کی وجہ ہے تو براہِ کرم کسی اٹارنی سے رُجوع کریں جو آپکو متبادلوں کا جائزہ لینے میں آپکی مدد کر سکے۔

بیدخلی سے متعلق صلاح کیلئے
اے پی آئی لیگل آئوٹ ریچ
(415) 567-6255 پر رُجوع کریں۔

## خواتین کے خلاف تشدد ایکٹ 1994

اگر آپ مندرجہ ذیل معیاروں کو پورا کرتی ہیں تو آپ بدسلوکی کرنے والے سے خرچ لئے بنا قانونی طور پر مستقل سکونت حاصل کرنے کے اہل ہو سکتی ہیں۔

- آپ نے اپنے بدسلوکی کرنے والے شوہر کے ساتھ، اُس پر یقین کر کے شادی کی۔
- بدسلوکی کرنے والا آپکا شوہر یو ایس اے کا شہری یا قانونی طور پر مستقل سکونت پذیر (گرین کارڈ ہولڈر) ہے۔
- اپنے شوہر سے آپکو جسمانی تکلیف یا بہت زیادہ ذہنی بے رحمی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔
- آپ اپنے شوہر کے ساتھ رہی ہیں۔
- آپکا کردار اچھا ہے اور
- آپکی شادی ابھی ہوئی ہے یا آپکی شادی دو سال یا اُس سے پہلے ختم ہوئی ہے۔

## مستقل رہائش میں شرطیں ہٹانے کی درخواست:

اگر آپکے پاس پہلے ہی مشروط مستقل رہائش (2 سال کی آخری تاریخ کے ساتھ) ہے تو آپ، اپنے بدسلوکی کرنے والے شوہر / بیوی کی مدد کے بغیر شرطیں ہٹانے کے اہل ہو سکتی ہیں اور اگر آپ مندرجہ ذیل معیاروں کو پورا کرتی ہیں تو:

- آپ نے اپنے بدسلوکی کرنے والے شوہر / بیوی کے ساتھ اس پر یقین کر کے شادی کی ہو۔
- اپنے شوہر / بیوی سے آپکو جسمانی تکلیف یا بہت زیادہ ذہنی بے رحمی کا سامنا کرنا پڑا ہے اور
- آپکے ازدواجی تعلقات ٹوٹ چکے ہیں۔

## جُرم کے شکار

VAWA کے قاعدوں کے مطابق اگر گھریلو تشدد سمیت آپ جُرم کے شکار رہیں تو آپ یو ویزا حاصل کرنے کے اہل ہیں اور قانونی مستقل سکونت حاصل کرنے کیلئے اپنی پوزیشن کو اُسکے مطابق بنا سکتے ہیں۔ اہل ہونے کیلئے آپکو ثابت کرنا ہوگا کہ آپ کسی خاص مجرمانہ سرگرمی کی جانچ پڑتال میں مددگار رہی ہیں، مددگار ہیں اور مددگار ہو سکتی ہیں۔